بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب/س/۲/۱۲/۲۰۱۴ مورخہ ۲۶/مارچ ۲۰۱۸

بخدمت = چیف سیکرٹری، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = **قرارداد نمبر ۱۴۷ منجانب محترمہ عارفہ صدیق۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۱۵/ مارچ ۲۰۱۸ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۱۴۷ منجانب محترمہ عارفہ صدیق، رکن اسمبلی برائے اطلاع و کارروائی لازماً ارسال خدمت ہے۔

قرارداد۔

ہرگاہ کہ مذہبی منافرت اور فرقہ وارانہ مواد پر مبنی خبریں، مضامین اور تجزیوں کی پرنٹ میڈیا میں اشاعت روکنے، بچوں خواتین کے ساتھ جنسی تشدد کی تصاویر شائع نہ کرنے، سنسنی خیز تشدد، ظلم زیادتی کے واقعات کے خبروں سے اجتناب کرنے، غیر مصدقہ اطلاعات اور افواہوں پر مبنی خبروں کی حوصلہ شکنی کرنے، ذمہ دارانہ صحافت کو فروغ دینے خبروں اور تجزیوں میں عوامی مفاد کا خیال رکھنے اور شائستگی کا دامن نہ چھوڑنے، آزادی صحافت کو یقینی بنانے اور اخبارات کیلئے مرتب ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کیلئے وفاقی حکومت نے آرڈیننس ۲۰۰۲ کے تحت پریس کونسل آف پاکستان کا قیام عمل میں لایا ہے۔ مذکورہ آرڈیننس کے سیکشن ۳ کے جزو ۳ کے مطابق ملک کے تمام صوبائی دارالحکومت میں ریجنل/ علاقائی دفاتر کا قیام عمل میں لانا ہے۔ اس مقصد کیلئے صوبائی حکومت کی جانب سے کوئٹہ پریس کلب کی پرانی بلڈنگ پریس کونسل آف پاکستان کے حوالے کر دی گئی ہے۔ لیکن ایک طویل عرصہ گزرنے کے باوجود صوبہ میں تا حال ریجنل/ علاقائی دفتر کا قیام عمل میں نہیں لایا گیا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے۔ کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پریس کونسل آف پاکستان کے دفتر کے قیام کو یقینی بنائے۔

(شمس الدین)
معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت محترمہ عارفہ صدیق اسمبلی/قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) ڈی۔جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) سیکرٹری وزارت اطلاعات ونشریات، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۷) چیئرمین پریس کونسل آف پاکستان، اسلام آباد۔
۸) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) سیکرٹری اطلاعات ونشریات، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۱) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

ڈپٹی سیکرٹری،
نائب معتمد، (سوالات)

Scanned with CamScanner